جزاء اللہ عدوہ بابائہ ختم النبوۃ

اعلیحضرت احمد رضا خان بریلوی

مکتبہ نبویہ ○ لاہور

جناب رسالتمآب ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک لاجواب کتاب

المسمّٰی بہ

جزاء اللہ عدوہ باباۂ

ختم النبوّۃ

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مجدد مأتہ حاضرہ امام ملّتِ طاھرہ
الشاہ مولینا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ

مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

نام کتاب ——— جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ

موضوع ——— ختم نبوت

تصنیف ——— اعلیحضرت مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ

کتابت ——— محمد شریف گل

تعداد ——— ایک ہزار

مطبع ——— کمبائن پریس لاہور

ناشر ——— مکتبہ نبویہ ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

طباعت ——— ۱۹۸۸ء

قیمت ——— روپے

رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا ہوئی۔ معجم کبیر میں حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے ابوبکر صدیق و عمر فاروق وغیرہما چالیس اجلہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کھڑے ہو کر ہاتھ پھیلا کر لرزتے کانپتے حضور سے عرض کی تبنا الی اللہ و الی رسولہ ہم اللہ اور اس کے رسول کی طرف توبہ کرتے ہیں فقیر نے یہ حدیثیں مع جلیل و نفیس اپنے رسالہ مبارکہ الامن والعلی لناعتی المصطفیٰ بدافع البلاء میں ذکر کیں۔ اقول توبہ کے معنی ہیں نافرمانی سے باز آنا جس کی معصیت کی ہے۔ اس سے عہد اطاعت کی تجدید کر کے اُسے راضی کرنا اور نص قطعی قرآن سے ثابت کہ اللہ عزوجل کا ہر گنہگار حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گنہگار ہے قال اللہ تعالیٰ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ و یلزمہ عکس النقیض من لم یطع اللہ لم یطع الرسول و ھو معنی قولنا من عصی اللہ فقد عصی الرسول اور قرآن عظیم حکم دیتا ہے کہ اللہ ورسول کو راضی کرو قال اللہ تعالیٰ واللہ و رسولہ احق ان یرضوہ ان کانوا مومنین ۝ سب سے زیادہ راضی کرنے کے مستحق اللہ ورسول ہیں اگر یہ لوگ ایمان رکھتے ہیں نسأل اللہ الایمان والامن والامان و رضاہ و رضی رسولہ الکریم علیہ وعلیٰ الہ الصلاۃ والتسلیم یہ نفیس فوائد کہ استطراداً زبان پر آگئے قابل حفظ ہیں کہ اس رسالے کے غیر میں نہ ملیں گے یوں تو

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست

مگر میں امید کرتا ہوں کہ فقیر کی یہ تین توجیہیں اجبر بحمد اللہ تعالیٰ چیزے دیگر ہیں و باللہ التوفیق۔

توبہ قبول کرنے والے نبی امام احمد و ابن سعد و ابن ابی شیبہ اور امام بخاری تاریخ اور ترمذی شمائل میں حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی مدینہ طیبہ کے ایک راستے میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے ملے ارشاد فرمایا انا محمد و انا احمد و انا نبی الرحمۃ

ونبی التوبة وانا المقفی و انا الحاشر ونبی للملاحم میں محمد ہوں احمد ہوں میں رحمت کا نبی ہوں میں توبہ کا نبی ہوں میں سب میں آخر نبی ہوں میں حشر دینے والا ہوں میں جہادوں کا نبی ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مالک لوائے حمد طبرانی معجم کبیر اور سعید بن منصور سنن میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا احمد وانا محمد وانا الحاشر الذی احشر الناس علی قدمی وانا ماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر فاذا کان یوم القیٰمة کان لواء الحمد معی وکنت امام المرسلین وصاحب شفاعتھم میں محمد ہوں میں حاشر ہوں کہ لوگوں کو اپنے قدموں پر میں حشر دوں گا میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر کو محو فرماتا ہے قیامت کے دن لواء الحمد میرے ہاتھ میں ہوگا میں سب پیغمبروں کا امام اور اُن کی شفاعتوں کا مالک ہوں گا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسمائے طیبہ خاتم وعاقب ومقفی تو معنی ختم نبوت میں نص صریح ہیں۔ علماء فرماتے ہیں اسم پاک حاشر بھی اسی طرف ناظر امام نووی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں: قال العلماء معناھما (ای معنی روایتی قدمی بالتثنیة والافراد) یحشرون علیٰ اثری وزمان نبوتی ورسالتی ولیس بعدی نبی "تیسیر" میں ہے ای علی اثر نوبتی ای زمنھا ای لیس بعدہ نبی "مجمع المسائل" میں ہے قال الجزری ای یحشر الناس علی اثر زمان نبوتی لیس بعدی نبی۔

دس اسمائے مبارکہ ابن مردویہ تفسیر اور ابونعیم دلائل میں اور ابن عدی و ابن عساکر و دیلمی حضرت ابوالطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لی عشرة اسماء عند ربی انا محمد واحمد والفاتح والخاتم وابوالقاسم والحاشر والعاقب والماحی ویٰس وطٰہٰ میرے رب کے یہاں میرے دس نام ہیں: محمد و احمد و فاتح عالم ایجاد و خاتم نبوت و ابوالقاسم و حاشر و آخر الانبیاء